RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۳۵	مطبوعہ ۱۷ صفر ۱۳۱۲ھ روز دوشنبہ مطابق ۲۰ اگست ۱۸۹۴ء	جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
۱	روبکار و حکم حضور پر نور دام اقبالہم بجائے ہرکارگان متعینہ اجلاس ہا چپراسیان مقرر ہوں۔	۱ و ۲
۲	اضافہ تنخواہ لالہ جیتی پرشاد اہلمد۔	۲
۳	روبکار صاحب جوڈیشل ممبر بہادر بابت دعوے جو عدم پیروی میں ڈسمس ہو۔	۲
۴	روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل سوار۔	ضمیمہ
۵ و ۶	نقشہ بارش و نقشہ مرجیات و مات و نقشہ نرخنامہ اجناس۔	"

روبکار اجلاس ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم پریزیڈنٹ ریاست رامپور۔ واقع ۱۱ اگست ۱۸۹۴ء

چونکہ ہرکارہائے اردلی جو اس وقت اینجانب کے اسٹاف کی خدمت پر مامور ہیں صرف دس آدمی ہیں اونمیں سے بھی اکثر بیماری وغیرہ کی وجہ سے غیر حاضر ہو جاتے ہیں سوا اسکے عوضی صیغہ دار الاخبار سے ہرکارے نہیں لیے جا سکتے کیونکہ وہاں بھی خدمات شہر و بیرونجات سے کوئی متنفس خالی نہیں رہتا۔ مناسب ہے کہ جسقدر ہرکارے اجلاسوں میں مامور ہیں اونکو اردلی میں بڑھا لیا جائے۔

اور ہر ایک اجلاس میں سجاسے ہر کاروں کے چپراسی متعین ہو جاویں - جس اجلاس سے متعلق ہوں وہیں سے اونکو تنخواہ دی جاے -

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا اطلاعاً ہر ایک اجلاس میں بھیجدی جاے - کہ ہرکارونکو واپس بھیجدینے کے بعد اپنے اپنے صیغہ سے چپراسی معین کرلیں -

ملخص حکم حضور پرنور دام اقبالہم

عرضی لالہ جینتی پرشاد اہلمد بدرخواست اضافہ مع رپورٹ منشی صاحب بخشی فوج پیش ہوکر تجویز ہوا کہ فی الحقیقۃ کام زیادہ ہے خصوصاً جبسے رجسٹر ریسیدنی علیحدہ ہوا ہے اسلیئے یکم اگست ۱۹۳۶ء سے لالہ جینتی پرشاد اہلمد کو پندرہ روپیہ ماہوار ملاکرتین روپیہ اضافہ کیا گیا - ۱۱ راگست ۱۹۳۶ء

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۸ راگست ۱۹۳۶ء

مقدمات دیوانی میں غیر حاضری مدعی کے لیے دفعات ۱۰۲ و ۱۰۳ باب ہفتم ایکٹ ۱۴ سنہ ۱۸۸۲ء مجموعۂ ضابطۂ دیوانی بہت صاف ہیں کہ جب مدعی غیر حاضر ہوگا تو مقدمہ ڈسمس کیا جائیگا اور مدعی کو اختیار نہ ہوگا کہ اوسی بنای دعوی پر نئی نالش کرے بلکہ اوسکو اختیار حکم ڈسمسی کے منسوخی کی درخوست کرنے کا ہوگا اور اوسکو ثابت کرنا پڑیگا کہ وہ کسی وجہ کافی سے حاضر ہونے سے معذور رہا - اور اگر اوس تاریخ کو جو بعد التوا کے سماعت کے لیئے مقرر ہوئی ہو مدعی حاضر نہو تو بھی حسب دفعہ ۱۰۸ - ایکٹ موصوف مقدمہ اوسی طرح سے فیصل کیا جائیگا جو از روے باب ہفتم ایکٹ مذکور مقرر ہوا ہے مگر معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کی عدالتوں میں اسپر توجہ نہیں ہوتی - اگر یہ کہا جاے کہ مجموعۂ ضابطۂ دیوانی ایکٹ ۱۴ سنہ ۱۸۸۲ء ریاست میں نافذ نہیں ہے تو یہ عذر خاص اس معاملہ میں بیجا ہوگا اسوجہ سے کہ روبکار صاحب جوڈیشل ممبر بہادر سابق مورخہ یکم نومبر ۱۹۱۵ء مندرجہ گزٹ نمبری ۴۵ مطبوعہ ۱۰ ر نومبر ۱۹۱۵ء جاری ہوچکا ہے اور اوسمیں بالکل مطابق دفعات مذکورہ ایکٹ ۱۴ سنہ ۱۸۸۲ء کی ہدایت عام جاری ہوئی ہے اور بعد اوسکے روبکار صاحب جوڈیشل ممبر بہادر سابق مورخہ ۵ ر جنوری ۱۹۲۳ء مندرجہ گزٹ نمبر ۲ مطبوعہ ۶ ر فروری ۱۹۲۳ء میں بھی اوسکی تصریح ہوئی ہے - ہمارے سامنے ایک مقدمہ بذریعہ اپیل کے پیش ہوا عدالت منصفی تحصیل سوار میں مقدمہ بعدم پیروی مدعی ڈسمس ہوا اوس سے ڈیڑھ مہینے بعد اوسی مدعی نے وہی دعوی اوسی مدعا علیہ کے نام ازسرنو پھر دائر کرایا جسکو عدالت نے بعد تحقیقات فیصل کردیا یہ کارروائی خلاف منشاء قانون اور نیز خلاف احکام مجریہ ریاست ہذا کے ہوئی - آیندہ جملہ عدالتہاے ماتحت کو لحاظ رکھنا چاہیے کہ جو دعوی بعدم پیروی ڈسمس ہوجاے اوسکا استغاثہ مکرر نہیں ہوسکتا بلکہ درخوست منسوخی حکم ڈسمسی کی منجانب مدعی گذر سکتی ہے اندر میعاد معینہ قانونی کے جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے -

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس روبکار کی درج گزٹ ہو اور ایک ایک نقل جملہ عدالتہاے دیوانی صدر و مضافات میں بھیجی جاوے -

حکم صاحب اسسٹنٹ پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۹ جولائی سنہ ۱۸۹۴ع

ملاحظہ ہوا درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریزیڈنٹ بہادر

روئداد کمیٹی مینوسپل بورڈ تحصیل سوار منعقدہ ۵ جولائی سنہ ۱۸۹۴ع

صاحبزادہ محمد سعادت یارخانصاحب تحصیلدار صدر نشین

سید غلام شبیر نائب تحصیلدار سکرٹری کمیٹی

شرکاء ملازمین	شرکاء غیر ملازمین
محمد حشمت علیخان محرر جوڈیشل ـ منشی بالا پرشاد وصلباقینویس ـ محمد عاشق علی محرر صفائی	محمد عبد اللطیف ممبر ـ لالہ چنی لال بقال ممبر ـ لالہ کیسری پرشاد مختار ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- قصبہ سوار مین گلاب شاہ فقیر نے اپنے مکان کے متصل گھورا اور اکھٹا کرنا شروع کیا ہے اور وہ موقع شارع عام پر ہے [illegible] ے ہوا متصور ہے اسبارہ مین [illegible] مذکور کو ہدایت ممانعت ڈالنے کوڑا کی کیجاوے	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی گلاب شاہ ساکنہ سوار کو سخت ممانعت و تاکید کردین کہ وہ گھورا موجودہ متصلہ مکان خود فوراً بمیعاد چار یوم اوٹھا کر کھیتون مین پھینک دے اور پھر آیندہ کبھی کوڑا جمع نکرے ورنہ اوسپر مقدمہ قائم کیا جاویگا۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق راے کیا۔
۲- پیرجی ضیاءالدین و حبیب اللہ حلوائی ساکنان کاشی پور سوار کے مکانات مسکونہ سے پانی غلیظ بدررو کا بجانب بیرون راستہ مین جاری رہتا ہے جو باعث تعفن و خرابی آب و ہوا کا متصور ہے اسکا انتظام مناسب کیا جاوے	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ میان ضیاءالدین پیرجی و حبیب اللہ حلوائی ساکنان کاشی پور سوار کو معرفت محرر و میٹ صفائی فہمائش و تاکید شدید کیجاوے کہ نامبردگان آب غلیظ اپنی اپنی بدررو کا بجانب راستہ جاری نہ رکھین ورنہ بعد یک ہفتہ حسب رپورٹ محرر صفائی مستوجب سزا ہونگے۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق کیا۔
۳- موضع کاشی پور سوار مین میان سمیع خان و مبین خان میواتیان نے ملحق مکانات خود با کچھ کوڑا اور گھورا وغیرہ جمع کیا ہے یہ امر خلاف قواعد صفائی کے ہے اسکا بندوبست ہونا چاہیے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی میان سمیع خان و مبین خان میواتیان ساکنان کاشی پور سوار کو بخوبی تاکید و فہمائش کردیوین کہ نامبردگان اپنا اپنا کوڑا جلد بمیعاد سہ یوم اوٹھا کر کھیتون مین ڈالدیوین ورنہ اونسے بازپرس کیا جاویگا۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق راے کیا۔

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشۂ بارش ریاست رامپور من ابتدای ۱۴ لغایت ۲۰ اگست ۱۸۹۴ء

تاریخ و روز	صدر		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		ٹانڈہ	
	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان
۱۴ اگست ۱۸۹۴ء روز سہ شنبہ	۰	۳۴۱	۰	۳۷۱	۰	۳۳۹	۲۴	۲۳۷	۰	۲۵۴	۰	۳۷۹
۱۵ اگست ۱۸۹۴ء روز چہار شنبہ	۳	۳۴۴	۰	۳۷۱	۱۴	۳۵۴	-	۲۳۷	۶	۲۶۰	۰	۳۷۹
۱۶ اگست ۱۸۹۴ء روز پنجشنبہ	۹	۳۵۳	۶	۳۷۷	۴۱	۳۹۴	۲	۲۴۹	۹	۲۶۹	۲۰	۳۹۹
۱۷ اگست ۱۸۹۴ء روز جمعہ	۴	۳۵۷	۲۷	۴۰۴	۰	۳۹۴	۱۱	۲۶۰	نقشہ نہیں آیا	نقشہ نہیں آیا	۱۰	۴۰۹
۱۸ اگست ۱۸۹۴ء روز شنبہ	۰	بارش نہیں ہوئی	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	〃	۰	نقشہ نہیں آیا
۱۹ اگست ۱۸۹۴ء روز یکشنبہ	۰	ایضاً	۰	〃	۰	〃	۰	ایضاً	〃	〃	۰	〃
۲۰ اگست ۱۸۹۴ء روز دوشنبہ	۰	ایضاً	۰	〃	۰	〃	۰	ایضاً	۰	〃	۰	〃

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۳ر لغایت ۱۹ر اگست سنہ ۱۹۱۳ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتے										تفصیل امراض					[illegible]
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایکسال سے ۵ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۳ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود	ہیضہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	۱۸	۲	۰	۱	۲۰	۱۵	۵	۴۷	۳۰	۵	۱	۲۴	۳۸	۷۶	۶۹	۱۲۹	۲۶	۲	۰	۰	۱۵۱	۱۵۳	۰
شاہ آباد	۲	۵	۳	۵	۱۵	۰	۱۰	۵	۳	۱	۰	۲	۰	۹	۳	۸	۲	۰	۰	۱۰	۱	۵	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
ٹانڈہ	۲	۲	۲	۱	۱۱	۸	۳	۲	۰	۰	۰	۲	۲	۲	۲	۳	۳	۲	۰	۰	۲	۶	۲
میزان	۲۶	۱۱	۱۴	۷	۵۸	۴۰	۱۸	۵۴	۶۳	۶	۱	۲۹	۳۹	۸۹	۹۲	۱۳۹	۳۳	۵	۰	۱۱	۱۵۶	۱۶۲	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداے ۱۳ر لغایت ۱۹ر اگست سنہ ۱۹۱۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۶ سیر	۱۵ سیر	۱۵ سیر	۰	۱۵-۰ سیر	حضور تحصیل و بلاسپور سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۱۸ سیر	۱۹ سیر	۱۷-۰ سیر	۰	۱۷ سیر	
نخود کسہ آمیز	۰	۱۹ سیر	۱۶ سیر	۲۲-۰ سیر	۰	۱۹ سیر	
کسہ	۰	۰	۲۰ سیر	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۵ سیر	۱۳ سیر	۲۲-۰ سیر	۰	۱۳ سیر	
مونگ	۰	۱۳ سیر	۱۳ سیر	۰	۰	۱۲ سیر	
مکا	۰	۰	۲۲-۰ سیر	۰	۰	۰	
جئی	۰	۰	۲۵ سیر	۳۵ سیر	۰	۳۰ سیر	
گوجئی	۰	۱۷-۰ سیر	۲۰ سیر	۲۲-۰ سیر	۰	۱۸ سیر	
عدس	۰	۲۰ سیر	۲۰ سیر	۲۱ سیر	۰	۲۰ سیر	
ارہر	۰	۲۲ سیر	۲۲-۰ سیر	۰	۰	۲۰ سیر	
برنج		۱۰ سیر	۱۱-۰ سیر	۱۰ سیر	۰	۱۰ سیر	
روغن زرد	۰	۱ سیر	۱ سیر	۱// سیر	۰	۱// سیر	
روغن [illegible]	۰	۲ سیر	۲-۰ سیر	۲-۰ سیر	۰	۲-۰ سیر	
روغن [illegible]	۰	۲ سیر	۲ سیر	۰	۰	۲ سیر	
[illegible]	۰	۸ سیر	[illegible]	۸ سیر	۰	[illegible]	
[illegible]	۰	۱ سیر	۵ سیر	۰		[illegible]	
قند سیاہ	۰	۱ سیر	۰	۱۰ سیر			